# Model Question Paper
## URDU PAPER - II
### (SECOND LANGUAGE)
### Part - II
(w.e.f 2019-2020)

Time: 3 Hours | Max. Marks 100

**I. مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک بند لکھ کر مشکل الفاظ کے معنی لکھیے۔** 1x6=6

1. وہ صبح کو کہسار کے پھولوں کا مہکنا

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

چلنا وہ دبے پاؤں نسیم سحری کا

2. بیکس ہوں نہ مال ہے نہ سرمایہ ہے

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

**2. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھیے۔** 1x6=6

1. نظم ''کشمیر'' کا خلاصہ لکھیے۔

2. فیض نے اپنی نظم ''پہلی سی محبت'' میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

**3. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھیے۔** 1x6=6

1. نام دیو مالی کن کن خوبیوں کا مالک تھا؟

2. سعادت حسن منٹو کے افسانے ''منظور'' کا خلاصہ لکھیے۔

**4. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب دس سطروں میں لکھیے۔** 2x4=8

1. شائیلاک کون تھا اور کیسا آدمی تھا؟

2. ''سونے کی اینٹ'' افسانہ کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔

3. ''کابلی والا'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

4. پورشیا کے کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔

5. **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔** 2x3=6

1. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

2. وہ تو خوشبو ہے ہواؤں میں بکھر جائے گا
مسئلہ پھول کا ہے، پھول کدھر جائے گا

3. تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

4. زمیں پہ چاند اترتا دکھائی دیتا ہے
ترا خیال بھی تجھ سا دکھائی دیتا ہے

6. **متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔** 2x3=6

1. ''کرسی اقتدار کی علامت ہے، جیسے اُسترا حجامت کی''
2. تم دوسروں سے کہتے ہو کہ ٹھیک ہو جاؤ گے خود کیوں نہیں ٹھیک ہو کے گھر جاتے۔
3. ''میر عثمان علی خاں روادار ہونے کے ساتھ ایک دردمند دل کے مالک تھے۔''
4. ہم جانتے ہیں کہ سیر شدہ اور ہائیڈروجن آمیز چکنائی سے خون میں کولیسٹرال کا اضافہ ہوتا ہے۔

7. **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔** 2x3=6

1. فیضؔ کے کلام کی اہم خصوصیت لکھیے۔
2. پروینؔ شاکر کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
3. برسوں کا بیمار ایک پل میں کیسے صحت مند ہو سکتا ہے؟
4. خورشید احمد جامیؔ کی شعری خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

8. **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔** 2x3=6

1. پودے کو کیڑا لگنے پر نامدیو کس طرح اسے بچاتا؟
2. ترکوں میں کھانے کا طریقہ کیسا تھا؟
3. چیئرمنوں کے بارے میں مصنف کا کیا خیال ہے؟
4. آصف جاہ سابع کی فیاضی پر ایک نوٹ لکھیے۔

9. **مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھیے۔** 5x1=5

1. پروینؔ شاکر کا سنہ پیدائش لکھیے۔
2. موسیٰ ندی کی طغیانی کی المناک تصویر کس نظم میں ملتی ہے؟
3. خورشید احمد جامیؔ کے شعری مجموعہ کا نام لکھیے۔

4. حکومتِ روس نے فیضؔ کو کونسا انعام دیا تھا؟

5. شاعر نے کس کو "گلزارِ جناں" کہا ہے۔

**10. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجیے۔** 5x1=5

1. آصف جاہ سادس کا نام کیا تھا؟

2. ہماری غذا کا ایک اہم جز کیا ہے؟

3. کرسی کس کی علامت ہے؟

4. مقبرہ رابعہ درانی کے باغ کو کس نے آباد کیا؟

5. منظور نرس کو کیا کہہ کر پکارتا تھا؟

**11. ذیل میں سے کسی ایک کو خط لکھیے۔** 1x5=5

1. اپنے دوست کو خط لکھتے ہوئے تعلیمی تفریح کے متعلق لکھیے۔

2. اسنادات کے حصول کے لیے اپنے کالج کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے۔

**12. ذیل کے ہر حصے سے چار سوالات کے جواب لکھیے۔** 8x1=8

**(الف) صرف ایک جملے میں جواب لکھیے۔**

1. تلمیح سے کیا مراد ہے؟

2. ایہام کے معنی لکھیے۔

3. استعارہ کسے کہتے ہیں؟

4. تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں لکھیے۔

5. مبالغہ کس کو کہتے ہیں؟

6. تجنیس کی تعریف بیان کیجیے۔

**(ب) ذیل میں دیئے گئے کسی چار سابقوں اور لاحقوں کی نشاندہی کیجیے۔**

1. دوکان دار

2. بے وفا

3. لامتناہی

4. خوف ناک

5. شادی خانہ

6. ناسمجھ

**13. ذیل میں سے آٹھ الفاظ کے واحد یا جمع لکھیے۔** 8x1=8

1. دور
2. آفات
3. ورق
4. اشعار
5. شجر
6. مُلک
7. شکوک
8. فکر
9. ادویات
10. وقت
11. امراض
12. احادیث

**14. ہر حصہ سے چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** 8x1=8

**(الف) ذیل میں سے چار کے صحیح جوڑ بنایئے۔**

| | (الف) | | | (ب) |
|---|---|---|---|---|
| .1 | کشمیر | ( ) | (الف) | سعادت حسن منٹو |
| .2 | کرسی | ( ) | (ب) | عابد معز |
| .3 | منظور | ( ) | (ج) | منظور الامین |
| .4 | پہلی سی محبت | ( ) | (د) | امجؔد حیدرآبادی |
| .5 | غذا میں چکنائی | ( ) | (ھ) | چکبستؔ |
| .6 | شہنشاہ رباعیات | ( ) | (و) | فیضؔ |

**(ب) دیئے گئے جملوں میں سے کوئی چار محاوروں کی نشاندہی کیجیے۔**

1. نیک اولاد ماں باپ کی آنکھ کا تارہ ہوتی ہے۔
2. راشدہ کی ماں، بیٹی کے ہاتھ پیلے کرنے کی فکر میں تھی۔
3. موبائیل فون نے ناک میں دم کردیا ہے۔
4. کسی کے کان بھرنا اخلاقاً بری بات ہے۔

5. خالد نے سچ بات سن کر آگ بگولہ ہو گیا۔

6 . الیکشن میں سیاسی قائدین سبز باغ دکھاتے ہیں۔

**15. مندرجہ ذیل سے کسی دو سوالات کے جواب لکھیے۔** 2x3=6

1. روداد نگاری سے کیا مراد ہے؟

2. کالج میں منعقدہ ''یومِ آزادی'' کی تقریب کی روداد اپنے الفاظ میں لکھیے۔

3. روداد نگاری کی اہمیت بیان کیجیے۔

4. سڑک حادثہ کے واقعہ کی روداد لکھیے۔

**16. مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔** 5x1=5

مرزا غالبؔ اردو اور فارسی کے نامور شاعر گزرے ہیں۔ ان کا نام اسد اللہ بیگ خاں اور تخلص غالبؔ تھا۔ ابتداء میں وہ اسدؔ تخلص کرتے تھے۔ وہ 27/دسمبر 1797ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام عبداللہ بیگ تھا۔ وہ بچپن ہی میں یتیم ہو گئے تھے۔ اُن کی پرورش اُن کے چچا مرزا نصر اللہ بیگ نے کی لیکن آٹھ سال کی عمر میں اُن کے چچا بھی فوت ہو گئے۔ نواب احمد بخش خاں نے مرزا غالب کے خاندان کا انگریزوں سے وظیفہ مقرر کروایا۔ 1810ء میں 13 سال کی عمر میں اُن کی شادی امراؤ بیگم سے ہوئی۔ شادی کے بعد دہلی میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ غالبؔ زندگی بھر معاشی پریشانیوں میں مبتلا رہے۔

1850ء میں مرزا غالبؔ مغلیہ دربار سے وابستہ ہوئے۔ بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالبؔ کو نجم الدولہ، دبیر الملک اور نظام جنگ کا خطاب عطا کیا اور خاندان تیموریہ کی تاریخ لکھنے پر مامور کیا اور 50 روپے ماہانہ وظیفہ مقرر کیا۔

15/فبروری 1869ء مرزا غالبؔ کا انتقال ہوا۔

**سوالات:**

1. مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟

2. مرزا غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

3. اُن کی پرورش کس نے کی؟

4. مرزا غالب کی شادی کب اور کس سے ہوئی؟

5. بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالب کو کونسے خطابات عطا کیئے۔

☆☆☆